☆......جدید پیش آمدہ مسائل کو علماء عصر کے اَقوال کی روشنی میں بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

☆......معاشرت اور اخلاق سے متعلق احادیث میں عملی پہلو کی طرف رہنمائی اور ترغیب دی گئی ہے۔

☆......ترتیب وتحقیق کے دوران اگر کسی حدیث یا مذہب سے متعلق کوئی نئی تحقیق سامنے آئی تو شائقین علوم حدیث کے استفادہ کے لیے اسے حاشیہ میں لکھ دیا گیا ہے۔علماء وطلبہ کے لیے مجموعی طور پر یہ شرح قابل استفادہ ہے۔

وظائفِ سراجیہ

مرتب: مولانا مفتی محمد طاہر مسعود

صفحات: 416 / **طباعت:** عمدہ......مضبوط رنگین جلد/ **قیمت:** 500روپے

ملنے کا پتا: خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ مجددیہ، کندیاں، ضلع میانوالی۔فون: 0300-6091121

خانقاہ سراجیہ کندیاں ملک کی معروف خانقاہ ہے، جہاں سے عامۃ الناس کی رُشد و ہدایت اور رہنمائی کا فریضہ انجام دیا جاتا ہے۔اس خانقاہ سے وابستگان ہزاروں کی تعداد میں ہیں۔زیر تبصرہ کتاب اسی خانقاہ کے مسترشد حضرت مولانا مفتی محمد طاہر مسعود صاحب زید مجدہم نے مرتب فرمائی ہے۔''وظائف سراجیہ'' اصلاً قرآن وحدیث میں مذکور اَدعیہ ماثورہ کا مجموعہ ہے۔ان دعاؤں میں ہفتہ کے مختلف ایام کی دعائیں،مخصوص مقامات اور اوقات کی دعائیں، کسی بھی وقت پڑھی جانے والی دعائیں، کسی خاص کام کے لیے پڑھی جانے والی دعائیں ذکر کی گئی ہیں۔

دعاؤں کے لیے ایسا فانٹ استعمال کیا گیا ہے جس سے نہ صرف الفاظ واضح پڑھے جاسکتے ہیں بلکہ الفاظ کی حرکات بھی بہت واضح ہیں۔کمزور نظر والے بھی بخوبی پڑھ سکتے ہیں۔دعاؤں کا ترجمہ رواں اور شُستہ ہے۔آغاز میں مولانا خواجہ خلیل احمد صاحب مدظلہم سجادہ نشین خانقاہ سراجیہ کی تقریظ شامل ہے۔''وظائف سراجیہ'' صرف خانقاہ سے متعلق احباب کے لیے ہی نہیں بلکہ عامۃ الناس کے لیے بھی مفید ہے۔

گلستانِ سنت

مرتب: مولانا ابوحذیفہ شاہد محمود

صفحات: 272 / **طباعت:** مناسب......سفید کاغذ/ **قیمت:** لکھی نہیں۔

ملنے کا پتا: ادارۃ المحمود، نثار مارکیٹ بالمقابل مدنی مسجد مانسہرہ۔

مولانا ابوحذیفہ شاہد محمود صاحب جو دارالعلوم کراچی کے فاضل ہیں۔انہوں نے ''گلستانِ سنت'' کے نام سے چوبیس گھنٹوں کی زندگی کے متعلق رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک سنتوں اور اہم دینی مسائل کا مفصل